20/01/2026

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں. اشفاق امین

ایل جی

ہیلتھ کیئر اسپتال کا سنگ بنیاد Meerz لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگرمینقائم کئے جا رہے رکھا ہے۔ یہ 180بستروں والا سپر سپشلیٹی اسپتال ہوگا جس کی بدولت شہر سرینگر اور آس پاس کے اضلاع کیلئے طبی نگہداشت کی سہولیات میں مزید اضافہ ہوگا۔

ملاقات

کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر جاوید احمد ٹینگہ کی صدارت مینچیمبر کے ایک وفد نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔

وفد نے تجارت اور سیاحتی سیکٹر سے جڑے بعض امور پر ایل جی کی نوٹس میں لائے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ مختلف انتظامی محکمونکے سینئر عہدیداروں کے ساتھ بجٹ سے پہلے کی مشاورت کی غرض سے میٹنگوں کی صدارت کررہے ہیں۔

یہ میٹنگیں آج ، کل اور پرسوں سول سیکریٹریٹ جموں میں منعقد ہورہی ہیں۔

ڈلو

جموں کشمیر میں مشن یوا نے زبردست پیش رفت حاصل کرتے ہوئے پنچایتی سطح پر 95فیصدی کا احاطہ کیا ہے ۔ مشن کے تحت تا حال 14ہزار887درخواست گذاروں میں 847کروڑ روپے کے قرضے واگذار کئے گئے ہیں۔

ان باتوں کی جانکاری چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی صدرت میں منعقدہ اپیکس کمیٹی کی میٹنگ میں دی گئی جس دوران جموں کشمیر میں اس مشن کی عمل آوری کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

قومی گیت

قومی گیت وندے ماترم کے 150سال مکمل ہونے کی مناسبت سے منائی جانے والی تقریبات کا دوسرا مرحلہ شروع ہو گیا ہے ۔

اس سلسلے میں ٹاؤن ہال کپواڑہ میں ایک شاندرا تقریب منعقد ہوئی جہاں دیگر لوگوں کے علاوہ کپواڑہ جاوید احمد بھی موجود تھے -ASP ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کپواڑہ گلزار احمد خان اور

اسی طرح کی ایک تقریب سب ڈویژن ہندواڑہ میں بھی منعقد ہوئی جہاں کئی اہم شخصیات کی موجودگی میں حب الوطنی سے جڑے تمدنی پروگرام پیش کئے گئے۔

ضلع اننت ناگ کی کئی اہم عوامی مقامات پر بھی اس طرح کے پروگرام منعقد ہوئے ۔ ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد نے ٹاؤن ہال میں منعقدہ تقریب کی صدارت کی ۔

آڈیٹورم ہال کولگام میں بھی قومی گیت کے 150مکمل ہونے کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے دوران وندے ماترم پیش کیا گیا جہاں اور لوگوں کے علاوہ ضلع کے ADC وقار احمد گیری بھی موجود تھے۔

ضلع انتظامیہ کی جانب سے سب ڈویژن ترال میں اس مناسبت سے ایک شاندار پروگرام منعقد کیاگیا جہاں ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم اور SSP اونتی پورہ سجاد احمد بٹ کی موجودگی میں شرکا ءکو وکست بھارت کیلئے کام کرنے کا حلف دلایا گیا ۔

محکمہ اینمل ہسبنڈری کشمیر کی طرف سے 2026کا کلینڈر جاری کیا گیا ہے۔ یہ کلینڈر محکمے کے ڈائریکٹر کشمیر ڈاکٹر شیخ محمد یونس نے جاری کیا۔

بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کہاہے کہ منشیات کی بدعت محض امن و قانون سے جڑا ایک مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ ایک تشویشناک سماجی چلینج ہے جس کے نتیجے میں نوجوان ، اُن کے کنبے او رمجموعی طور پر سماجی تانے بانے کا شیرازہ بکھر جاتا ہے ۔

وہ ضلع سطح کی نارکو کارڈنیشن کمیٹی کی 43ویں میٹنگ میں اظہار خیال کر رہے تھے۔اس موقعے پر جانکاری دی گئی ہے کہ بڈگام ضلع میں اس ماہ میں اب تک NDPS ایکٹ کے تحت گیارہ معاملات درج کرنے کے علاوہ گیارہ گرفتاریاں بھی عمل میں لائی گئی ہیں۔

بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ مینگا شیر پا نے ضلع کی سبھی 402 پنچایتوں مینبڑے پیمانے پر جانکاری مہم چلانے پر زور دیا ہے تاکہ لوگوں کوکسان کریڈٹ کارڈ کے فوائد سے روشناس کرایا جا سکے ۔وہ ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں KCC معاملات کی پیشرفت کا جائزہ لے رہے تھے جس دوران انہوننے سکیم کا صد فیصد احاطہ یقینی بنانے پر زور دیا۔

اگنو

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کی طرف سے جنوری2026کے سیشن کیلئے 350سے زیادہ پروگرامونکیلئے داخلے کا عمل شروع ہو گیا ہے۔

خواہشمند طالب علم یونیورسٹی کی ویب سائٹ کے ایڈمیشن پورٹل پر لاگ ان کرکے پوسٹ ڈپلو ما ، سرٹیفکیٹ اور ڈپلوما کے مختلف پروگراموں میں داخلہ PGگریجویٹ ، انڈ گریجویٹ ، حاصل کر سکتے ہیں۔

جانکاری کیمپ

سڑک سلامتی ماہ 2026کی مناسبت سے موٹر وہیکل ڈیپارٹمنٹ شوپیان کی طرف سے فروٹ پروگرام کا مقصد لوگوں ، ڈرائیوروں اور منڈی اگلر میں ایک جانکاری کیمپ منعقد کیا گیا۔ مسافروں نیز تاجروں اور دیگر متعلقین کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کی پاسداری کے بارے شوپیان شوکت احمد نے سڑک سلامتی سے متعلق انفرادی ARTO میں آگاہ کرنا تھا ۔اس موقعے پر اور اجتماعی ذمہ داری پر مرکوز ایک مدلل تقریر کی ۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا

آکاشوانی سرینگر سے خبرونکا اگلا بلیٹن

سہ پہر چار بج کر بیس منٹ پرپہاڑی زبان میں نشر ہو گا

خدا حافظ